دوسرا 2019 کو مقبوضہ کشمیر میں ہوا، مقبوضہ کشمیر پر annexation کی۔ میں نے note کیا، ہمارے دوست بیٹھے ہیں جو اس وقت حکومت میں تھے کہ اس وقت کی حکومت اور military establishment نے بھی I think strategic clarity show نہیں کی۔ Tweet بھی کیا کہ مودی آئے گا تو شاید حالات بہتر ہوں گے تو اس وقت کی فوجی establishment بھی ڈھیلی پڑ گئی، نہیں ہندوستان سے بات کرو، ہندوستان نے ceasefire offer کی۔ جناب! اس نے China کی وجہ سے ceasefire offer کی جب ہندوستان کو May, 2020 میں گلوان میں پھینٹی پڑی، ان کو مار پڑی اور ان کو two front situation کا خوف ہوا کہ چین اور پاکستان کا مل کر ہمارے خلاف کوئی محاذ نہ بن جائے، انہوں نے ceasefire offer کی۔ ہمیں غلط فہمی ہوئی کہ ہم ان سے negotiate کر سکتے ہیں اور آپ کو یاد ہو گا کہ اب کشمیر پر بھی بات ہو گی اور سب کچھ ہوگا۔ We did not have strategic clarity on India. اب جو کیا گیا ہے، میں اپنے دوستوں سے agree کرتا ہوں کہ ہمارا کوئی موثر، پختہ، ٹھوس اور دبنگ جواب نہیں آیا، ابھی تک تیاری نہیں ہوئی۔ اس کی کیا وجہ ہے، because we are too busy fighting among ourselves and I think, this is a very serious issue اگر ہم نے India کا counter کرنا ہے اور ہندوستان اکیلا نہیں ہے، ہندوستان کے پیچھے America بھی ہے۔ They want India to become the so called power to counter China میں

اس حوالے سے سمجھتا ہوں کہ ہمیں خود پاکستان میں 2 to 3 steps لینے پڑیں، the most important thing is national unity. میں ابھی China سے last week آیا ہوں، I went to China after 3 years کیونکہ COVID کی situation تھی۔ Chinese ہمارے بہترین دوست ہیں، they are our best friends and reliable partner, انہوں نے ہمیں کیا message دیا، انہوں نے کہا کہ آپ دیکھیں جو حالات ہیں، جتنی بھی سیاسی قوتیں ہیں۔ اپنی ذاتی، گروہی اور سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر پاکستان اور پاکستان کے عوام کے مفاد کی بات کریں۔

میں اب بھی سمجھتا ہوں کہ let's not get involved in unnecessary battles because our fight against institutions is unwinnable whether we fight the military establishment or whether we fight the Supreme Court. یہ ایسا نہیں ہے اور we should follow the Constitution of Pakistan also. اس وقت ضرورت ہے، ہم مودی کو تو dialogues offer کر رہے ہیں، ہم نے مودی کو کہا کہ dialogue کریں۔ Why do not we have dialogue among ourselves? ہم دہشت گردوں سے بات کرنے کے لیے تیار ہیں، let us talk with Opposition also آپ PTI سے بات کریں اور دوسری پارٹیوں سے بھی بات کریں and set rules of the game so that the elections are held, follow the Constitution and the elections are held on schedule. آپ یہ بھی سبق سیکھیں، اب ان کے leaders کہتے ہیں کہ باجوہ نے مجھے یہ کہا، فیض نے یہ کہا۔ خدا کے لیے اب خود فیصلہ کریں، پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا فیصلہ قومی سلامتی کا کیا تھا؟ وہ nuclear bomb بنانا تھا، وہ ذوالفقار علی بھٹو نے شروع کیا تھا اور میاں نواز شریف نے complete کیا تھا۔ میں یہ بتا دوں، میں اس وقت Information Minister تھا، military establishment کا میاں نواز شریف پر کوئی pressure نہیں تھا بلکہ 3 service chiefs تھے، ان میں ایک دھماکے کے خلاف تھا، ایک نے کہا کہ میں neutral ہوں اور ایک حق میں تھا، انہوں نے کہا کہ جناب آپ فیصلہ کریں اور ہم نے ٹکا کے اور دبنگ فیصلہ

that has saved Pakistan today. So, the time has come, کیا، خود فیصلہ کریں، باہر سے کسی phone call کا انتظار نہ کریں اور بعد political forces میں یہ نہ کہیں کہ فلاں جنرل نے مجھے یہ کہا ہے ورنہ ہم لڑتے رہیں گے اور جنرل آئندہ خان آئے گا and party will be over so, to counter India, we must unite and we must seek a better future for Pakistan and its people and we should avoid any confrontation either with the Supreme Court or with the military establishment. یہ فوج سے لڑ رہے ہیں، ہم Supreme Court سے لڑ رہے ہیں، یہ دونوں لڑائیاں بند کریں اور آپس میں بیٹھ کر rules of the game set کریں۔ And have elections according to the Constitution. Thank you Mr. Chairman.

Mr. Chairman: Honourable Minister for Climate Change, Senator Sherry Rehman Sahiba.

سینیٹر شیری رحمٰن (وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی): جناب! آپ کا بہت بہت شکریہ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: فیصل صاحب! آپ تشریف رکھیں، ایجنڈا پر چل رہے ہیں، آپ ایجنڈا دیکھ لیں، آپ ایسے اٹھ جاتے ہیں، آپ پہلے دیکھ لیں کہ کیا چل رہا ہے، calling attention notice چل رہا ہے اور انہوں اس کا جواب دینا ہے۔ جی وزیر صاحبہ۔

Senator Sherry Rehman, Minister for Climate Change

سینیٹر شیری رحمٰن: ہمارے فاضل تین ممبران نے بہت اہم issues اٹھائے ہیں، ایک اہم issue ہے، کچھ digression ہوا ہے لیکن جو Leader of the Opposition نے بات کی، وہ basically یہ ہے کہ Indus Water Treaty کے حوالے سے پاکستان کو ایک تشویش ناک خط کی وصولی 25 جنوری کو ہوئی ہے۔ میں اس سے agree کر رہی ہوں کہ یہ تشویش ناک اس لیے ہے کہ اس سے پہلے سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے کبھی ایسا خط نہیں آیا، اس میں بہت سارے disputes ہوئے ہیں اور arbitration کی جگہ بھی ملی ہے۔ پہلے اس طرح مبہم خط نہیں آیا اور میں مبہم بھی اس لیے کہہ رہی ہوں کہ میں پہلے یہ بتاتی چلوں کہ ایسا نہیں

ہے کہ کسی نے action نہیں لیا ہے، یہ خط 25 جنوری کو آیا اور فوری طور پر Prime Minister کو بتا دیا گیا ہے، ان کو briefing دی گئی، سارے متعلقہ اداروں نے اس پر اپنا اپنا کام شروع کیا ہے۔ آپ نے اس پر اخبارات میں، جنگ اخبار میں نہیں دیکھا، وہ شاید اس لیے ہے کہ اس کے جو contents ہیں، اس کا جو متن ہے، تھوڑا سا عجیب و غریب ہے، ظاہر ہے دانستہ طور پر ہو گا اور deliberately ہو گا، یہ vague ہے، اس میں ابہام ہے کیونکہ contents نہیں کہتے کہ کس طرح، انہوں نے ایک vague سا الزام لگایا ہے کہ پاکستان نے کہیں کہیں سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کی ہے۔ جیسے Leader of the Opposition نے کہا کہ یہ ایک ایسی treaty ہے جس نے ہر جنگ کو survive کیا ہے اور اس نے دونوں ممالک کے درمیان آبی ذخائر کو manage کرنے کے لیے اپنا ایک کردار ادا کیا ہے۔ ایک فاضل رکن نے کہا کہ ففٹی ففٹی ہوا ہے، ایسا نہیں ہے، میں یہاں پر نہیں کہنا چاہتی، آپ ذرا study کر لیں کہ کس کو کیا ملا اور کتنے cusecs کس ملک کو ملتے ہیں۔ ہندوستان جو کہتا ہے، میں اس کے دفاع میں کوئی بات نہیں کر سکتی لیکن آپ check کر لیں کہ according to the Indus Water Treaty it is not exactly 50/50. کتنے cusecs کس کو ملتے ہیں، ہم نے تاریخ میں یہ دیکھا ہے اور بگلیہار ڈیم اور کشن گنگا ڈیم کی بات ہوئی، پاکستان نے ان دونوں کے حوالے سے objections raise کئے اور بروقت raise کئے جب objection raise ہوتا ہے، وہ اس وقت ہوتا ہے جب ہم کوئی activity دیکھتے ہیں، کسی downstream project پر پانی آ رہا ہے، جیسے پاکستان میں نیچے پانی آ رہا ہے۔ جس طرح Ratle پر ہوا ہے، ہم نے Ratle ہائیڈرو الیکٹرک پلانٹ پر بھی objection raise کیا ہوا ہے اور بگلیہار ڈیم پر کیا ہوا ہے اور آپ کو معلوم ہے کہ کشن گنگا پر بھی کیا ہوا ہے۔ کشن گنگا پر drawing down of water کے حوالے سے ہماری favour میں ruling ہوئی کہ India جو run of river, western rivers پر plants بنائے گا، وہ ہمارے حق میں ruling ہوئی اور کہا گیا کہ وہ اس طرح drawdown annual flushing نہیں کریں گے کیونکہ اس سے پانی میں sediments deposit ہوتے ہیں، وہ پاکستان کے نیچے flow pattern کے لیے مضر ہوتے ہیں۔

جناب! ان کا جو دوسرا point تھا، انہوں نے اس میں تھوڑی رد و بدل کی۔ اس پر پاکستان نے بروقت کام کیا ہے، اب پاکستان نے رتلے ہائیڈرو الیکٹرک پلانٹ پر بھی object کیا ہے۔ میں اس کا بھی بتاتی چلوں کیونکہ آپ نے بہت اہم بات کی ہے لیکن آپ نے media میں ایک water war اس لیے نہیں دیکھی، میں جس کی ہمیشہ بات کرتی ہوں کہ the 21st century wars will be on water. ہمیں لگتا ہے کہ مودی سرکار کا بھی ایک رجحان رہا ہے، ہندوستان نے اپنے domestic consumption کے لیے کیا ہے۔ ان کے ہاں اگلے elections ہیں اور وہ جب دیکھتے کہ ہم کوئی بھی issue introduce کر سکتے ہیں، وہ اس toxic discourse میں کریں اور وہ ایک جارحانہ weaponization کی کوشش کرتے ہیں۔ آپ نے پچھلی مرتبہ انتخابات کے وقت بھی دیکھا تھا کہ ہندوستان کی طرف سے exactly water کی بات ہوئی تھی، اس کا کچھ نہیں ہو سکا۔ میں اس ایوان میں ایک reassurance دینا چاہتی ہوں کہ اس خط کے حوالے سے panic نہیں ہونا چاہیے، وہ اس لیے کیونکہ ہندوستان اس خط کے حوالے سے کچھ نہیں کر سکتا، ویسے تو بہت ساری باتیں ہو سکتی ہیں، میں اس خط اور Indus Water Treaty کے حوالے سے بات کروں گی جب تک دونوں فریق agree نہ کریں، دونوں ممالک جب تک حامی نہ بھریں، اس treaty میں رد و بدل نہیں ہو سکتا۔ وہ اس وقت رد و بدل کی پہلی hint دے رہے ہیں، انہوں نے یہ کہیں نہیں کہا ہے کہ پاکستان نے کس طرح اس کی violation کی، کہاں violation ہے، there is no clarity, there is complete vagueness and we feel that it is deliberately done to excite a domestic audience کہ اب کچھ نہیں رہ گیا تو پانی پر ہی شروع ہو جائیں۔ اس میں جوابدہی کا کوئی مسئلہ نہیں ہے لیکن اس میں ان کی طرف سے کوئی یکطرفہ action نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کچھ کیا ہے تو پاکستان عدالتوں میں گیا ہے۔ ہندوستان نے زیادہ تر neutral experts کو prefer کیا، پاکستان نے court of arbitration جو بہت بڑا احاطہ لے سکتا ہے، اس لیے treaty کے معاہدے کے مطابق وہ اس پر آگے کوئی پیش رفت نہیں کر سکتے، جب تک دونوں فریق کچھ نہ کہیں there can be no change in the treaty. میں یہ بھی بتا دوں کہ اس میں World Bank نے ثالثی کی تھی، World Bank

بھی اس حد تک ثالثی کرے گا جب ہم دونوں فریق کہیں گے کہ وہ آ کر ثالثی کریں، جب court of arbitration یا ثالثی کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ بذات خود نہیں کر سکتے لیکن وہ panel بنواتے ہیں اور جب تک panel بنتا ہے وہاں تک ان کا کردار ہوتا ہے اس کے بعد وہ پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔ کیونکہ لوگوں کو تشویش تھی Minister Water Resources یہاں پر موجود نہیں ہیں ان کے behalf پر میں یہ کر رہی ہوں، دیکھیں Vienna Convention اور Foreign office کا بھی اس پر مدلل view ہے کہ Convention کے مطابق اس میں کہنا پڑتا ہے کہ what is your allegation, what is the breach of Pakistan, they are not able to provide that, so we feel that it is for domestic consumption and there can be absolutely no change in the treaty until both parties agree, they have and don't ہماری طرف سے ان کی نظر میں یہ رخنہ ہے not even proposed worry. ہمارے Indus Water Commissioner کی صبح بھی meeting ہوئی ہے، اس پر 25 جنوری سے ساری meetings چل رہی ہیں، اس کو اس لیے ہم media hype نہیں کر رہے کیونکہ this is exactly what India wants, وہاں مودی سرکار پاکستان کے ساتھ جارحانہ رویہ دکھانے کے لیے یہ چاہتے ہیں کہ پاکستان strongly react کرے اور وہ کہیں کہ دیکھیں میں نے پاکستان کو پریشان کیا ہے۔ پاکستان، ہندوستان کے ان actions سے بالکل پریشان نہیں ہے۔ ہمیں اپنے حقوق کا پتا ہے اور ہم اپنے حقوق استعمال کرنا both bilaterally and internationally اچھی طرح سے جانتے ہیں۔ ہمیں اس میں کوئی پریشانی نہیں ہے کہ ہندوستان بذات خود یک طرفہ طور پر اس معاہدے میں کوئی ردوبدل لا سکتا ہے let that be very clear.

جہاں تک پانی کے ذخائر کی بات ہے اس پر بہت discussion ہوئی لیکن اس حوالے سے اور پانی میں کمی کے حوالے سے بہت important sentiment across the floor of the House ہے اور I respect all Members who bring it up, کیونکہ پاکستان کا اصل issue یہ ہے۔ میں نے اس بارے میں Water Resources سے پوچھا بھی کہ small dams and medium size storage کے حوالے سے

کیاactionلیا جارہا ہے کیونکہ آپ نے دیکھا کہ کتنا زیادہ مون سون ہوتا ہے اور سیلاب کی کیا تباہ کن کیفیت ہوتی ہے اور پھر بعد میں پانی کی قلّت ہوتی ہے۔ General terms میں پانی کی قلّت خاص طور پر بلوچستان اور سندھ میں بہت زیادہ ہے۔

دیامر بھاشا ڈیم کی land acquisition ہو چکی ہے، CCI نے اسے approve کیا ہے اور یہ اب چل پڑا ہے، اس کی 2030 تک completion date target کی گئی ہے۔ اس کے بعد مہمند ڈیم کی storage شروع ہے، اس وقت وفاقی حکومت کی طرف سے سندھ میں سولہ چھوٹے اور درمیانے ڈیم مختص کیے گئے ہیں، اس میں 15 billion dollars کی رقم سے سندھ، تھر اور کوہستان کے علاقوں میں چھوٹے اور درمیانے ڈیمز target کیے گئے ہیں۔ بلوچستان کے لیے بھی میں نے پوچھا کیونکہ یہ دونوں صوبے سب سے زیادہ قلّت کی وجہ سے affected ہوں گے۔ پچھلے سیلاب میں بھی وفاقی ڈیمز breach نہیں ہوئے کیونکہ اس کی بات نہیں ہو سکی ہے۔ چھوٹے اور درمیانے ڈیمز کی کوئی بارہ اور اس سے زیادہ کی منصوبہ بندی ہو رہی ہے تاکہ ہم اپنے آبی ذخائر کو بہتر طور پر استعمال کریں لیکن existing water usage per capita in Pakistan بہت زیادہ ہے، پانی کا زیاں اگر ہم بطور شہری کم کریں تو بہتر ہو گا۔

جناب چیئرمین! میں آخری بات کہتی چلوں کہ کیونکہ بہت سے دوستوں اور اراکین کے سوال ہوتے ہیں، کچھ قائمہ کمیٹیوں میں address ہوتے ہیں اور کچھ نہیں ہوتے ہیں۔ یا تو رمضان کے بعد I would invite all Senators to an open hearing in a Committee room of Parliament, everybody would be invited. آپ لوگ آیئے، قومی اسمبلی کے بھی ارکین اپنی اپنی معروضات لے کر آئیں جو کچھ بھی آپ کے سوالات بھی ہیں، اس میں ہم Water Resources کو بھی بلا لیں گے، ہو سکا تو Food Security کو بھی بلا لیں گے کیونکہ climate change کے حوالے سے یہ impact سب سے زیادہ ہوئے، دو بڑی بڑی الگ وزارتیں ہیں، ہم انہیں بلا لیں گے، we will have a good exchange, وہ آپ کو presentations بھی دیں تاکہ تینوں وزارتیں Climate, Water and Food Security جامع طور پر آپ کے issues address کر سکیں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. Calling attention notice is disposed of. Order No.23, Senator Engr. Rukhsana Zuberi, please raise Order No.23.

Calling Attention Notice raised by Senator Engr. Rukhsana Zuberi regarding pending cases/ backlog in Supreme Court and High Courts

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری: بہت شکریہ، جناب چیئرمین۔ یہ مسئلہ کئی مرتبہ ایوان میں آیا and for some reasons it was put off, thank you for including it this time. آپ جانتے ہیں کہ pending Court cases کا بہت اہم مسئلہ ہے کیونکہ عدالتوں کو ہم نے چھوٹی چھوٹی legal battles and political battles میں الجھائے رکھا ہے، چاہے وہ ہماری سپریم کورٹ ہو یا ہماری ہائی کورٹس ہوں، وہاں سے مستقل stay orders ملتے ہیں اور یہ stay orders بہت ہی critical cases میں ملتے ہیں جس سے cases کا disposal تقریباً نہ ہونے کے برابر ہو گیا ہے۔ اس وقت جو پچھلے اعداد و شمار آئے تھے اصل تو وزیر صاحب موجود ہیں وہ بتائیں گے کہ تقریباً بیس لاکھ سے زیادہ مقدمات ہائی کورٹس اور سپریم کورٹ میں pending ہیں۔ کیا اس وقت جو disposal rate ہے اس سے ہم انہیں سالوں میں بھی clear کر پائیں گے، there are people waiting for their rights to be declared اس کے لیے لوگ آتے ہیں، سارا سارا دن عدالتوں میں انتظار کرتے ہیں اور ان کے مقدمے کا نمبر نہیں آتا کیونکہ ہم نے عدالتوں کو بلکہ تمام اداروں کو بہت زیادہ technical gadgets میں تو رکھ دیا ہے لیکن ان میں capacity building نہیں ہوئی ہے، نہ ہی کوئی پروگرام ہے۔ ہمیں یہ بتائیں کہ کس طرح سے کوئی نیا مقدمہ آئے اور within a certain time clear ہو جائے۔

میں یہاں پر بلوچستان کے چیف جسٹس کی ایک تقریر کا حوالہ دینا چاہوں گی، انہوں نے کہا کہ جب انہوں نے join کیا تو ہزاروں مقدمات pending تھے، انہوں نے تمام administration and Courts کو بلایا اور کہا کہ adjournment صرف اس صورت میں ہو گا کہ وکیل کا، جج کا یا سائل کا انتقال ہو گیا ہو، اس کے علاوہ کوئی مقدمہ adjourn

نہیں ہوگا، so within a very short period of time کامران مرتضیٰ صاحب بھی یہاں بیٹھے ہیں he can throw more light on it کہ بلوچستان میں کس طرح انہوں نے succeed کیا، but that didn't continue. Now we are faced with a situation جہاں پر ساری لڑائیاں عدالتوں میں ہیں، ہم عدالتوں کو بہترین سہولیات دے رہے ہیں، ان کے perks بڑھتے جا رہے ہیں، چھٹیاں بے حساب ہیں، as compared to 300 working days only 100 and some days کام کرتے ہیں، this is a luxury, this is a waste of resources, we cannot afford. ویسے بھی availability of justice میں دنیا کے ممالک میں ہمارا نمبر 142 کی فہرست میں 139 پر ہے، یہ ہماری quality of disposal of judgement ہے، so I would really like to know کہ کیا پروگرام ہے، وزارت قانون کیا کر رہی ہے، کس طرح وہ plan کرتے ہیں کہ تمام court cases وقت پر decide ہو جائیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: معزز وزیر مملکت برائے قانون۔

Senator Shahadat Awan, MoS for Law and Justice

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین، معزز سینیٹر صاحبہ نے جو سوال کیا ہے اس بابت پہلی بات تو یہ ہے کہ انہوں نے جو figure بتایا ہے وہ بیس لاکھ نہیں ہے۔ میں آپ کو ہر عدالت کا نمبر بتا دیتا ہوں، پاکستان کی تمام عدالتوں میں 31st December, 2022 تک 3,80,436 cases مقدمات زیر التواء تھے، بیس لاکھ نہیں تھے، یہ کوئی پونے چار لاکھ کے قریب ہیں جو بہت زیادہ ہیں۔

پہلی بات تو میں یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ جو superior Courts ہیں یہ separate constitutional entities ہیں، Law Department کا کام entry No.21 میں Rules of Business, 1973 میں وزارتیں عدالتوں کی pay, pension, privileges ان کے باہر کے tours ہیں وہ انہیں manage کرتی ہیں، باقی عدالتوں کی supervision وہ خود کرتی ہیں۔ اب بات رہ گئی کہ cases disposed of

کیوں نہیں ہو رہے تو واقعی یہ ایک بات ہے جس پر ہم سب کا concern ہے۔ سب سے پہلے تو میں یہ بتانا چاہوں گا کہ آج سے کچھ دن پہلے National Assembly میں نزہت پٹھان صاحبہ نے بھی ایک سوال کیا تھا۔ وہاں بھی ہم نے یہ جواب دیا ہے کہ Supreme Court میں judges کی 17 sanctioned strength لیکن اس وقت جو کام کر رہے ہیں ان کی تعداد 14 ہے اور 03 خالی ہیں۔ Lahore High Court میں 60 strength ہے اور 41 کام کر رہے ہیں اور 19 seats vacant ہیں۔ اسی طرح سے Sindh Court میں 40 seats ہیں، 29 کام کر رہے ہیں اور 11 seats vacant ہیں۔ Peshawar High Court میں 20 seats ہیں، 19 کام کر رہے ہیں اور ایک خالی ہے۔ Balochistan High Court میں 15 seats ہیں، 13 کام کر رہے ہیں اور 2 seats vacant ہیں۔ Islamabad High Court میں 10 seats ہیں سے 8 کام کر رہے ہیں اور 2 seats vacant ہیں۔

جناب چیئرمین! پہلی بات یہ ہے کہ جو strength ہے وہ مکمل نہیں ہے، ہر platform پر یہ کہا جا رہا ہے کہ ان vacancies کو according to seniority fill کیا جائے۔ اس کے علاوہ سلسلہ یہ رہ گیا کہ جہاں تک cases کا بتایا گیا ہے میڈم نے 20 lac بتائے ہیں تو میں ان کی درستی کے لیے بتا دوں کہ Supreme Court میں 31st December کو، National Assembly کو بھی بتایا ہے، 51744 cases یہ Supreme Court میں pending ہیں، آدھا لاکھ یہ بہت زیادہ ہیں۔

In Lahore High Court 179425 pending cases, in Sindh High Court 85781 pending cases, in Peshawar High Court 41911 pending cases, in Balochistan High Court 4471 pending cases, in Islamabad High Court 17104 pending cases. In Federal Shariat Court 103 cases are pending.

جناب چیئرمین! میری گزارش یہ ہے کہ ان کی سب سے بڑی وجہ تو یہ ہے کہ unnecessary litigation courts میں بہت زیادہ ہو چکی ہے۔ بڑی عدالتوں کا زیادہ

تروقت کچا پیشی میں ضائع ہو جاتا ہے۔ ایک زمانہ ہوتا تھا جب میں نے بھی practice start کی تب ہم junior ہوا کرتے تھے، Mian Raza Rabbani and Kamran Murtaza بھی یہاں بیٹھے ہیں، senior lawyers ہیں کچا پیشی میں دو منٹ لگتے تھے۔ آج کل کچا پیشی بھی دو دو گھنٹے چلتی ہے اس میں بھی argument بھی مانگے جاتے ہیں اور اس میں بھی date ہو جاتی ہے reserve ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ سب سے اہم بات یہ ہے کہ وہ litigation اپنی جگہ pending ہے، ایک تو عوام میں متفرق قسم کی مقدمے بازی شروع ہو گئی ہے۔ Justice Sabihuddin Ahmed کے زمانے میں وہ frivolous litigation کے اوپر cast ڈال دیا کرتے تھے تاکہ عدالتی وقت فضول میں ضائع نہ ہو۔

جناب چیئر مین! صورتحال یہ ہے کہ Bar and Bench عموماً یہ بھی واقعتاً ایک حقیقت ہے کہ بہت دفعہ Defense Counsel or lawyers کی طرف سے adjournment بھی جاتی ہے۔ لیکن میں آپ کو یہ بتاوں کہ Honourable Court کا اگر اس کی cause list دیکھیں تو وہ ستر یا سو سے کم نہیں ہے، اگر ایک Court میں 100 cases لگے ہوئے ہیں اور اگر ایک case call کیا جائے، اس میں ایک فریق کو بلایا جائے، دوسرے فریق کو بلایا جائے، ملزمان یا complainants ان کی حاضری کو check کیا جائے۔ اگر ایک مقدمے میں دو تین منٹ لگیں تو total 180 minutes ہو گئے، 180 minutes کو اگر 60 سے تقسیم کر دیں تو عدالت کا وقت کتنا ہے وہ تو حاضری لگانے میں ہی ختم ہو جائے گا۔

اس کا طریقہ کار senior لوگ سمجھیں گے، پارلیمان نے بھی legal reforms کے لیے سوچا ہوا ہے۔ جناب! اگر Constitutional and Federal Court separate کر دی جائے۔ ہر روز ہم دیکھتے ہیں کہ اس قسم کا کوئی نہ کوئی مسئلہ کھڑا ہو جاتا ہے، جس پر تین یا پانچ رکنی Bench, larger Bench. جن لوگوں کے cases ہوتے ہیں وہ کرایہ خرچ کر کے آتے ہیں ان کے cases adjourn ہو جاتے ہیں۔ یہ اس قسم کے عدالتوں میں مسائل ہیں، Committee meeting Court میں ہوتی تھی بہت عرصے سے وہ بھی نہیں ہو سکی۔ ایک زمانے میں litigants کو بلایا جاتا تھا، civil servants بلائے جاتے تھے

اور لوگوں کو اکھٹا کرکے suggestions لی جاتی تھیں۔ 2013-14 میں National Judicial Policy start ہوئی تھی جو کہ کافی عرصے سے نہیں ہے لیکن جہاں تک حکومت کا تعلق ہے ہم نے ایسے بہت سے قوانین بنا رکھے ہیں جن میں باقاعدہ وقت دیا گیا ہے۔ آغا صاحب بیٹھے ہیں کہ دہشت گردی کا seven days کا وقت دیا گیا ہے، trial seven days کے اندر اندر ہو گی، appeal 30 days میں ہو گی لیکن آج تک اس طرح سے نہیں ہو سکی۔ Family laws time frame provide کیا گیا ہے لیکن within time کبھی کچھ نہیں ہوا۔ Rent cases میں دیا ہوا ہے، آغا صاحب بتائیں گے within time کبھی کام نہیں ہوا۔

جناب چیئر مین! کام کرنے کی یقینی طور پر ضرورت ہے لیکن عدلیہ جو خود independent ہے ان کو خود دیکھنا چاہیے، اب تو پارلیمان میں بھی لوگ شور کر رہے ہیں کہ عدلیہ کا جو کام ہے اس پر توجہ دے اور لوگوں کی زندگیوں میں ان کے فیصلے ہونے چاہیے۔

Mr. Chairman: Calling Attention notice is disposed of. Senator Sania Nishtar please move Resolution on World Health Day.

Motion under Rule 263 moved by Senator Sania Nishtar for dispensation of Rules

Senator Sania Nishtar: I, hereby, move under Rule 263 of the Rules of the Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012, that the requirement of Rules 29, 30 and 133 of the said Rules be dispensed with. In order to move a Resolution regarding World Health Day.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The motion is carried. Honourable Senator Sania Nishtar please move the Resolution.

Resolution moved by Senator Sania Nishtar regarding World Health Day

Senator Sania Nishtar: The Senate of Pakistan acknowledges the significant of the World Health Day in promoting global health awareness. Commemorating this day that marks the founding of the World Health Organization in 1948, as the World's only Universal membership multi-lateral agency in health and congratulates the World Health Organization on its 75th anniversary.

The House recognizes WHO's critical role in advancing health globally by promoting health, improving disease prevention and care, addressing health disparities and advocating for investments in strong and sustainable health systems to achieve better health outcomes for all. The House recognizes that Health care remains the top priority agenda in the social sector including environmental protection and Economic development.

The House emphasizes that cause of development in the Country cannot be realized without taking steps towards building a healthy nation.

The House further expresses concern that the significant size of the Country's population that could be contributing to the development and progress has limited access to better health care facilities.

The House calls upon all Stake Holders including The Senate of Pakistan to work tirelessly to augment the country's health infra-structure with the focus on quality and affordable health care for our citizens. And, finally the House demands that the Government of Pakistan

leverage technical expertise from the World Health Organization and other International Health Institutions to enhance the Country's readiness from outbreaks and emergencies. To bolster the Country's capacity to deliver on sustainable development goal 03 including its Universal health coverage target to deal with climate change related health risks in better ways and improves Pakistan's prospects of realizing the right to health across all segments of the society.

Mr. Chairman: I now put the resolution before the House.

(The resolution was passed unanimously)

Mr. Chairman: The motion was passed unanimously. Honourable Senator Fawzia Arshad. What do you want to say? Two minutes mean two minutes.

Point of Public Importance raised by Senator Fawzia Arshad regarding the shortage of water supply in Islamabad

سینیٹر فوزیہ ارشد: جناب چیئرمین! میں نے تین منٹ لکھا تھا۔ ابھی پانی کی بات ہوئی تو اسی بات کو آگے لے کر چلوں گی۔ ایک project ہے Hydro power project which is located on the Indus River, downstream of project یہ Tarbela Dam which is 92.7 kms from Islamabad. اور مسئلہ یہ ہے کہ اس کے اوپر جو 2008 میں first conceive ہوا تھا implementation three phases میں ہونی تھی مگر ابھی تک کوئی بات بن نہیں پائی اور کام ہو نہیں رہا۔ اس وقت آپ سے Floor لینے کا مقصد یہ تھا کہ that it is a very important public point کیونکہ گرمی آ رہی ہے اور اسلام آباد میں پانی کی شدید قلّت ہے۔ 2021 میں پچھلی حکومت نے اس کے لیے PC 1 کی requirement ڈالی تھی جو کہ ابھی تک پوری نہیں ہوئی ہے اور چونکہ budget آنے والا ہے and these are the

days. میں منسٹری آف فنانس اور پلاننگ کو request کروں گی کہ اس project کو PC-1 کے لیے ڈالا جائے اور اس کے لیے budget allocation ہونی چاہیے۔

جناب چیئرمین! سارا مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے اسلام آباد کی آبادی لگ بھگ 23 لاکھ ہو گئی ہے اور بڑھتی ہی جا رہی ہے۔ روزانہ پانی کی سپلائی 120 mgd ہو نا چاہیے جبکہ آج بروز جمعہ 7 اپریل 2023 کو پانی صرف 50 mgd ملتا ہے .which is not sufficient اس کو پورا کرنے کے لیے میری یہ There is acute shortage of supply request ہے کہ جب تک PC-1 نہیں بنتا اور یہ project شروع نہیں ہوتا تو ہماری جو اسلام آباد کی نئی آنے والی نسلیں ہیں ان کے لیے ایک بہت بڑا المیہ ہے۔ بالخصوص ہماری جو نئی societies بن رہی ہیں۔ آپ G-13, G-15 and G-17 وغیرہ وغیرہ دیکھیں تو وہاں پر societies بن رہی ہیں مگر وہاں پر پانی کا کوئی بندوبست نہیں ہے۔ ایک سال پہلے کی بات ہے کہ کراچی کمپنی میں ایک میت کو nestle کے پانی سے غسل دیا گیا۔ اس لیے میری گزارش ہے کہ اس پر ضرور توجہ دی جائے۔

جناب چیئرمین: سیکرٹری صاحب! اس پر آپ وزارت داخلہ اور پلاننگ سے رپورٹ لے لیں۔ جی، رانا محمود الحسن صاحب! آپ نے privilege motion move کرنا تھا۔ جی move کریں۔

Point of Public Importance raised by Senator Rana Mahmood ul Hassan regarding sugar smuggling

سینیٹر رانا محمود الحسن: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! دو issues ہیں ان پر مختصر سا اس پر گزارش کروں گا۔ ایک تو میں نے گزشتہ اجلاس میں بھی گزارش کی تھی کہ بہت بڑے پیمانے پر چینی کی سمگلنگ ہو رہی ہے۔ FBR اس میں کیا کردار ادا کر رہی ہے۔ روزانہ سینکڑوں ٹرالرز بارڈر کو کراس کر رہے ہیں اور مبینہ طور پر یہ بیان دیا گیا ہے کہ ملک کے اندر چینی کی بہت بڑی shortage ہو جائے گی۔ ابھی سے چینی کے دام بڑھنا شروع ہو گئے ہیں۔ اس معاملے کو Standing Committee میں بھیجا جائے تاکہ اس پر فوری طور پر بحث ہو سکے۔

جناب چیئرمین: جی کمیٹی میں بھیج دیں۔ آپ اپنا تحریک استحقاق پیش کریں۔

سینیٹر رانا محمود الحسن: شکریہ۔ جناب چیئرمین! ایک requestاور پیش کرنا چاہ رہا ہوں کہ قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد پچھلے ڈیڑھ مہینے سے بند ہے۔

جناب چیئرمین: رانا صاحب! تحریک استحقاق پیش کریں۔

سینیٹر رانا محمود الحسن: جناب چیئرمین! یہ یونیورسٹی ڈیڑھ مہینے سے بند ہے، دور دراز علاقوں کے طلباء جن کا تعلق بلوچستان، سرائیکی beltاور گلگت بلتستان سے ہے متاثر ہو رہے ہیں۔ وہاں پر طلبہ میں ایک لڑائی ہوئی ہے لیکن یونیورسٹی انتظامیہ کو چاہیے تھا کہ وہ معاملات کو سنبھالتی لیکن انہوں نے یونیورسٹی کو بند کر دیا۔ کوئی 12ہزار کے لگ بھگ طلبہ وہاں پر پڑھ رہے ہیں۔ اگر یونیورسٹی 50دن سے زیادہ بند رہی تو ان کا سمسٹر freezeہو جائے گا۔ میرے خیال میں اس مسئلے پر پہلے ہی Standing Committeeمیں سینیٹر مشتاق صاحب اور دیگر سینیٹرز صاحبان غور کر رہے ہیں۔ اس مسئلے پر مزید غور کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین: جی، یہ مسئلہ وہاں پر discussہو رہا ہے۔ جی، تحریک استحقاق پیش کریں۔

Privilege Motion moved by Senator Rana Mahmood ul Hassan regarding his illegal arrest in Multan

سینیٹر رانا محمود الحسن: جناب چیئرمین! میں نہایت ادب کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ میں ان تینوں ایوانوں کا ممبر رہا ہوں۔ میں 2002اور 2008میں قومی اسمبلی کا ممبر بنا ہوں اور پھر صوبائی اسمبلی کا ممبر بنا ہوں۔ اس کے بعد میں سینیٹ کا ممبر بنا ہوں۔ بتانے کا مقصد یہ ہے کہ میرا ہمیشہ اپنا رفقا، civil servants,اپنے عوام اور حزب اختلاف کے ساتھ عزت و احترام کا رشتہ رہا ہے۔ جناب چیئرمین! ماضی قریب میں مجھے غیر مناسب، غیر مہذب حراست اور گفتگو کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ پچھلے بیس سال میں ایسا کبھی نہیں ہوا۔ یہ پہلی مرتبہ ایسا ہوا ہے کہ مجھے 8فروری 2023کو بغیر کسی FIRکے 5:50 بجے ملتان میں غیر قانونی حراست میں رکھا گیا۔ مجھے کوئی دو گھنٹے تک پولیس وین کے اندر گھماتے رہے اور پھر آپ نے جناب چیئرمین صاحب مداخلت کی اور IGصاحب سے بات کی اور پھر مجھے وہاں سے رہا کیا گیا جس کے لیے میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں۔ جناب چیئرمین! میں اس

معاملے کو استحقاق کمیٹی کو بھیجنا چاہتا ہوں اور میری درخواست ہے کہ متعلقہ افراد کو، CPO Multan یا جو بھی ہیں ان کو بلا کر ان سے باز پرس کی جائے۔

جناب چیئرمین: جی، Privilege Committee کو بھیج دیا جاتا ہے۔

سینیٹر رانا محمود الحسن: شکریہ۔ جناب چیئرمین! Multan, MEPCO کے اندر sports کی کوئی غیر منصفانہ بھرتیاں ہو رہی ہے اس معاملے کو بھی Standing Committee کے حوالے کیا جائے۔

جناب چیئرمین: یہ صوبائی معاملہ ہے۔

سینیٹر رانا محمود الحسن: نہیں، جناب چیئرمین! یہ MEPCO کا ہے اور یہ وفاقی ادارہ ہے۔

جناب چیئرمین: اچھا Multan Electric Supply Company کا ادارہ ہے۔

سینیٹر رانا محمود الحسن: جی، بالکل وہی۔

جناب چیئرمین: بتائیں معاملہ کیا ہے؟

Point of Public Importance raised by Senator Rana Mahmood ul Hassan regarding the process of appointments in MEPCO

سینیٹر رانا محمود الحسن: جناب چیئرمین! وہاں پر sports کے لیے جو تقرریاں ہوتی ہیں ان کے اندر غیر منصفانہ طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے۔ جو افراد اس کے لیے اہل تھے ان کو نظرانداز کر دیا گیا ہے۔ جنہوں نے اولمپکس اور ورلڈ کپ کھیلے ہیں ان کو نظرانداز کر دیا گیا اور ان کی بجائے جن کا کوئی career نہیں ہے ان کو وہاں پر تعینات کیا گیا ہے۔ میری تجویز ہے کہ اس کو کمیٹی میں بھیج دیا جائے۔

جناب چیئرمین: جی، سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب! اس کو کمیٹی میں take up کر لیں۔ جی، مشتاق صاحب! صرف دو منٹ۔

Point of Public Importance raised by Senator Mushtaq Ahmed regarding Israeli terrorism in Masjid Aqsa

سینیٹر مشتاق احمد: شکریہ جناب چیئرمین! کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں مسجد اقصیٰ میں دو راتوں سے جو اسرائیل کی apartheid regime ہے، ریاستی دہشت گردی کا ارتکاب کر رہی ہے۔ معصوم فلسطینیوں پر، نمازیوں پر اور بالخصوص مسلمان خواتین پر جو ظلم کر رہی ہے میں اس پر بات کرنا چاہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین! دو راتوں سے وہاں پر جو نمازی نماز ادا کر رہے تھے بالخصوص خواتین ان کے اوپر سحری کے وقت اسرائیل کی فوج اور پولیس نے حملہ کر دیا۔ مسجد اقصیٰ کا تقدس پامال کیا ہے۔ خواتین، بچوں اور مردوں پر بدترین قسم کا تشدد کیا ہے۔ نمازیوں کے اوپر گرنیڈ پھینکے ہیں۔ سینکڑوں فلسطینی جو عبادت کر رہے تھے وہ گرفتار کر دیے گئے ہیں۔ جو تصویریں آ رہی ہیں خواتین اور بچوں پر بدترین تشدد کیا گیا ہے۔ وہاں کے نمازی اور مسجد اقصیٰ بھی لہولہان ہیں۔ اس تشدد کے دوران خواتین کی چیخیں اور ان کی فریاد کی جو clips آئی ہیں وہ بڑی دلخراش ہیں۔ جناب چیئرمین! ہم اس کی مذمت کرتے ہیں اور مجھے دکھ اور افسوس بھی ہے کہ 60 مسلم ممالک ہیں اور 180 کروڑ ان کی آبادی ہے۔ قدرتی دولت سے مالا مال ہیں اور 80 لاکھ ان کی ریگولر آرمی ہے جن کے پاس ہر قسم کا اسلحہ موجود ہے لیکن ایک دہشت گرد ریاست سے اپنی قبلہ اول کی آزادی، اس کے تقدس کی یقین دہانی اور وہاں پر نماز پڑھنے والے عبادت گزاروں بالخصوص معصوم بچوں اور خواتین کی گارنٹی نہیں لے سکتے اور اس کو ensure نہیں کر سکتے۔ اسماعیل ہانیہ جو حماس کے لیڈر ہیں انہوں نے کہا تھا کہ اگر مسلم ممالک ہمیں اپنے اسلحہ کے ذخیروں سے صرف دس فیصد اسلحہ دیں، فوج اور پیسا ہمیں نہ دیں۔ مسلم ممالک اپنے اسلحہ کے ذخیرے سے صرف ہمیں دس فیصد اسلحہ جس دن دیں تو اگلے جمعے ہم ان کو مسجد اقصیٰ میں نماز پڑھائیں گے۔

جناب چیئرمین! یہ جو toothless resolutions ہم پاس کر لیتے ہیں۔ اس طرح قرار دادوں کے پاس کرنے سے کچھ بھی نہیں ہوگا۔ اس وقت اتنی بدترین قسم کی دہشت گردی ہو رہی ہے اور وہاں پر مسلمانوں کی نسل کشی ہو رہی ہے اور war crime کے اندر اسرائیل ملوث ہیں۔

جناب چیئرمین! قائداعظم نے 1940 میں ایک پاکستان کی قرارداد پاس کی تھی اور ایک فلسطین کی قرارداد پاس کی تھی۔ اس لیے یہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کا corner stone ہے۔ میں حکومت پاکستان سے کہتا ہوں کہ وہ United Nations and OIC میں Foreign Missions کو activate کریں اور عالم اسلام کو آگے بڑھائیں۔

جناب چیئرمین! میں آخری یہ بات کروں گا کہ یہ جو پاکستانی ہیں فیشل خالد جس کو گزشتہ حکومت نے پاکستانی پاسپورٹ پر اسرائیل جانے کی اجازت دی ہے اور جو اس وقت اس حکومت میں اسرائیل کے ساتھ وہ جو تجارت کر رہا ہے اس کی ویڈیو تصاویر اور خبریں شائع کر رہے ہیں اس پر حکومت کوئی نوٹس نہیں لے رہی ہے۔ اس حکومت نے اس پر آنکھیں بند کی ہوئی ہیں۔ ایک طرف مسجد اقصیٰ میں یہ ظلم ہو رہا ہے۔ وہاں کی خواتین لہولہان ہیں۔ مسجد اقصیٰ یعنی قبلہ اول رو رہا ہے اور دوسری طرف ایک پاکستانی ہمارے زخموں پر نمک پاشی کر رہا ہے۔ ان کے passport cancel کیوں نہیں کیے جاتے؟ ان کے خلاف کیوں FIR درج نہیں ہوتی؟ اس خالد کو گرفتار کیوں نہیں کیا جاتا؟ وہ مذاق اڑا رہا ہے ریاست پاکستان کا اور پاکستان کے 22 کروڑ عوام کے جذبات کا۔ لہٰذا میری درخواست یہ ہے کہ ایک تو ان کے خلاف action لیا جائے اور دوسرا پاکستان OIC, United Nations اور دیگر international fora میں اس معاملے کو اٹھائے اور عالم اسلام کو متحرک کرے کہ وہ مسجد اقصیٰ کی آزادی اور بالخصوص فلسطین کے تحفظ کے لیے کردار ادا کرے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Saifullah Abro regarding murder of Professor Ajmal Sawan in Kandkot, Sindh

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! کل کندھ کوٹ میں ڈاکٹر اجمل ساون کو بے دردی سے قتل کر دیا گیا۔ ڈاکٹر اجمل ساون ایک پروفیسر تھے اور انہوں نے فرانس سے .Ph.D کیا تھا، پچھلے آٹھ سال سے IBA Sukkur سے منسلک تھے۔ کل جب وہ اپنے گاؤں کندھ کوٹ گئے تو وہاں پر ان کو بے دردی سے قتل کیا گیا۔ اس معاملے پر اب تک کسی نے بھی action نہیں لیا۔ اگر آپ اس کو Human Rights کی کمیٹی میں بھیج دیں تو شاید کچھ معاملہ حل ہو جائے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔ یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔

Point of Public Importance raised by Senator Saifullah Abro regarding kidnapping of Nabeela Khawar from Larkana

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: دوسری بات، لاڑکانہ میں آٹھ ماہ پہلے نبیلہ خاور اغوا ہوئی اور اب تک بازیاب نہیں ہوئی۔ بڑی کوششیں کی جا چکی ہیں، وہاں کی انتظامیہ نے بھی کوششیں کی ہیں۔ اگر آپ اس معاملے کو بھی Human Rights کی کمیٹی کو بھیج دیں تاکہ اس کا بھی معلوم ہو سکے۔

جناب چیئرمین: سیکریٹری صاحب! اس پر رپورٹ منگوالیں۔ آپ سیکریٹری صاحب کو تفصیل لکھوادیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب والا! پچھلے دو، تین دنوں سے جب سے دو صوبوں میں انتخابات کا سپریم کورٹ کا فیصلہ آیا ایک ایسا سیاسی ماحول بنا ہوا ہے، حقیقت میں وہ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ان کے ساتھ بڑی زیادتی ہو گئی ہے، سپریم کورٹ کا فیصلہ غلط ہے لیکن اس کی آڑ میں جو بدتمیزی اور بدتہذیبی کا طوفان مچایا ہوا ہے، اس پر آپ یقین کریں بہت افسوس ہوتا ہے۔ ایسے ایسے دوست ہیں جو پہلے بھی اسی سپریم کورٹ کے پاس گئے تھے، میں اس ایوان کی پانچ، چھ مثالیں دیتا ہوں۔ جب 06 اپریل 2022 کو، ہمارے وزیر قانون جو ہمارے دوست بھی ہیں اور بھائی بھی ہیں، یہاں بیٹھے تھے۔ ایسا کیا کمال ہو گیا تھا کہ رات کو گیارہ، بارہ بجے کورٹس کھلیں اور وہ جا کر کورٹس میں کھڑے ہو گئے اور وہاں سے فیصلے بھی لے کر آئے۔ اس وقت ایسا کیا تھا اور اب ایسا کون سا اعتراض ہے ان موجودہ کورٹس پر؟ اس پر ان کے اپنے دلائل ہیں کہ جی تین ججز کا بنچ نہیں ہونا چاہیے۔ پھر کہتے ہیں کہ Full Court ہونا چاہیے۔ پھر full court میں بھی 13 judges ہونے چاہییں۔ کیا آپ نے 13 judges کو manage کیا ہے؟ اور اس لیے وہ 13 judges آپ کو چاہییں۔ یہ کون سا تماشا ہے؟ اگر ایسے بڑے بڑے قانون دان، جو ہمارے بھائی بھی ہیں، اگر یہ ملک کے ساتھ ایسا رویہ رکھیں گے تو پھر عام لوگوں سے کیا توقع رکھی جا سکتی ہے۔ یہاں PDM کے ہمارے بہت سے دوست بھی بیٹھے ہیں، انتخابات سے بھاگنا کسی کو بھی اچھا نہیں لگتا۔ PDM کی تین بڑی جماعتیں ہیں جو PDM کی چھوٹی جماعتوں کو انصاف نہیں دے سکیں۔ انتخابات سے بھاگنا، ان چھوٹی جماعتوں کے ساتھ بھی زیادتی ہے۔ آپ دیکھیں کہ بزنجو صاحب کی نیشنل پارٹی ہے، ان

کے پاس تو کوئی وزارت ہی نہیں ہے، پھر اچکزئی صاحب کی پارٹی ہے، جن کے دو سینیٹرز یہاں پر ہیں، ان کی بھی حکومت میں کوئی نمائندگی نہیں ہے، ANP کی بھی حکومت میں کوئی نمائندگی نہیں ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے پاس MNAs نہیں ہیں اس لیے ان کو وزارتیں نہیں ملیں۔ PDM کی تین بڑی جماعتیں ہی اس کوشش سے فائدہ اٹھا رہی ہیں۔ ان کا کام ہے کہ اگر وہ انتخابات میں جائیں گے تو ان کو بڑا نقصان ہوگا۔

یہاں پر ایسے ایسے بیانات سامنے آتے ہیں کہ ہمیں حیرانی ہوتی ہے۔ ایک نے کہا کہ یہ سپریم کورٹ کا فیصلہ غیر شرعی ہے۔ بھئی اس میں شریعت کا کیا تعلق ہے۔ یہ کوئی مدرسہ تھوڑا ہی ہے یا کوئی حلوائی کی دکان تھوڑا ہی ہے کہ آپ نے کہا کہ کس کو کھانا ہے، دنیش نے نہیں کھانا ابڑو نے کھانا ہے۔ ایسا تو نہیں ہے۔ پھر ہمارے وزیر خارجہ نے کہا کہ ہمیں نہیں لگتا کہ پاکستان میں کوئی انصاف کا ادارہ بھی ہے۔ میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ پچھلے ایک سال تک یہی تو ایک ادارہ تھا جس نے آپ کو موقع فراہم کیا کہ آپ ان بارہ مہینوں میں سے دس مہینے ملک سے باہر رہے ہیں۔ آپ نے چالیس سے زیادہ غیر ملکی دورے کیے ہیں اور پاکستان کے اربوں روپے خرچ کیے ہیں۔ PDM کی 95 رکنی کابینہ میں سے 30 وزراء آپ کے ہیں۔ اس سے زیادہ آپ کیا enjoy کر سکتے ہیں۔ یہ وہی کورٹ تھی جس نے آپ کو موقع دیا تھا۔

پھر آپ آجائیں نواز شریف صاحب کی طرف، انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کی طرف سے بڑی زیادتی ہو گئی ہے اس لیے ہم اس فیصلے کو نہیں مانتے۔ میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب ہمارے بھائی گیلانی صاحب کے خلاف فیصلہ آیا تھا تو کس نے وہ فیصلہ دیا تھا؟ کیا وہ عدالت جنگل سے آئی تھی؟ یہی سپریم کورٹ تھی جس نے وہ فیصلہ دیا تھا اور اس پر نواز شریف صاحب نے کیا کہا تھا کہ گیلانی صاحب استعفیٰ دیں۔ یہ حیوانوں کا ملک نہیں ہے۔ پھر آپ آج کیسے حیوان بن گئے ہیں؟ آپ کو بھی حیوان نہیں بننا چاہیے۔ پھر شہباز شریف صاحب کہتے ہیں کہ یہ آئین کے ساتھ کھلواڑ ہے۔ شہباز شریف صاحب ! اصل میں پاکستان کے عوام نے آپ کے ساتھ کھلواڑ کیا ہے ان زیادتیوں کے نتیجے میں جو آپ نے ان کے ساتھ کی ہیں۔

ان لوگوں کو انتخابات سے نہیں بھاگنا چاہیے، انتخابات میں حصہ لیں، اس میں سب کا فائدہ ہے۔ کم از کم کوئی اور نہیں تو اچکزئی صاحب، بزنجو صاحب اور ANP والوں کے ساتھ ہی انصاف کریں کہ کہ شاید ان کے کچھ MNAs ایوان میں منتخب ہو کر آ جائیں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Honourable Senator Syed Yousuf Raza Gillani.

سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی: جناب چیئرمین! میری درخواست یہ ہے کہ نماز کا وقت ہو چکا ہے اور ایجنڈا ختم ہو چکا ہے، اگر ہم اس controversy میں پڑیں گے تو یہ بات تو پھر اور آگے نکل جائے گی۔ لہٰذا میرا خیال ہے کہ ہم اس بحث میں دوبارہ نہ پڑیں تو بہتر ہوگا۔

Mr. Chairman: Thank you. The House stands adjourned to meet again on Monday, the 10th April, 2023 at 10:30 A.M.

(The House was then adjourned to meet again on Monday, the 10th April, 2023, at 10:30 A.M.)

Index

Ms. Marriyum Aurangzeb 13, 25
Rana Sana Ullah Khan 5, 9, 23
Rana Tanveer Hussain 36, 37, 41, 42
Senator Dr. Asif Kirmani 35
Senator Dr. Shahzad Waseem 2, 43
Senator Engr. Rukhsana Zuberi 29, 34
Senator Fawzia Arshad 8, 29, 30, 31, 34
Senator Hidayatullah Khan 28
Senator Mushtaq Ahmed 5
Senator Naseebullah Bazai 31, 32, 35
Senator Sajid Mir 23
Senator Samina Mumtaz Zehri 25
Senator Sania Nishtar 32, 61, 62
Senator Shahadat Awan 37, 38, 39, 40
جناب عبدالرحمٰن خان کانجو 7, 8, 10, 11, 12
سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری 57
سینیٹر دلاور خان 12, 22, 23
سینیٹر دنیش کمار 7, 11
سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم 2, 4
سینیٹر رانا محمود الحسن 64, 65, 66
سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی 71
سینیٹر سیف اللہ ابڑو 8, 11, 68, 69
سینیٹر شہادت اعوان 22, 23, 58
سینیٹر شیری رحمٰن 52
سینیٹر فوزیہ ارشد 9, 63
سینیٹر کامران مرتضٰی 46
سینیٹر مشاہد حسین سید 49
سینیٹر مشتاق احمد 4, 5, 6, 67
سینیٹر نسیمہ احسان 33
سینیٹر شہادت اعوان 38